**29.01.2026**
**21.15 Hrs**
**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ........... شبانہ بیگم
**Music**

..........................................................................

☆ اقتصادی جائزہ 2025-26 کے مطابق، کھپت اور سرمایہ کاری کے دوہرے اِنجن کی بدولت رواں مالی برس میں بھارت کی GDP شرحِ نمو 7 اعشاریہ چار فیصد رہنے کا اندازہ ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ یہ اقتصادی جائزہ، بھارت کے اصلاحات کے سفر، ریفارم ایکسپریس کی ایک جامع تصویر پیش کرتا ہے۔

☆ اعلیٰ اقتصادی مشیر V Anantha Nageswaran نے کہا کہ وقفے وقفے سے ہونے والے افرادی قوت کے سروے کے آغاز کے بعد سے، ملک میں روزگار کی صورتحال میں بہتری آئی ہے۔

☆ وزیرِ اعظم نے AI شعبے میں کام کرنے والے CEOs اور ماہرین سے بات چیت کی۔ انہوں نے ایک ایسے مصنوعی ذہانت AI ایکو نظام کی ضرورت پر زور دیا، جو شفاف، غیر جانبدار اور محفوظ ہو۔

☆ سپریم کورٹ نے UGC کے مساوات سے متعلق نئے ضوابط پر روک لگادی ہے۔ اِس معاملے کی اگلی سماعت 19 مارچ کو ہوگی۔

☆ بیٹنگ ریٹریٹ تقریب کے ساتھ نئی دلّی میں 77 ویں یومِ جمہوریہ کی تقریبات کا اختتام ہوا۔

☆ اور خواتین پریمیئر لیگ کرکٹ میں وڈودرا انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں UP واریئرز اور رائل چیلنجرز بنگلورو کے درمیان میچ جاری ہے۔

..........................................................................

**(Music)**
اب خبریں تفصیل سے

**Rev Economic Servey**

مالی سال 2026 میں ملک کی حقیقی GDP میں سات اعشاریہ چار فیصد کی شرح ترقی کا اندازہ لگایا گیا ہے، جبکہ مالی سال 2027 میں چھ اعشاریہ آٹھ سے سات اعشاریہ دو فیصد کے درمیان ترقی کا امکان ہے۔ یہ بات آج مرکزی وزیرِ خزانہ نرملا سیتا رمن کی جانب سے پارلیمنٹ میں پیش کئے گئے اقتصادی جائزے میں کہی گئی ہے۔ اقتصادی جائزے کے مطابق بھارتی معیشت نے مالی سال 2026 میں مضبوط ترقی کی رفتار برقرار رکھی ہے۔ سات اعشاریہ چار فیصد کی حقیقی GDP نشو و نما کا تخمینہ زیادہ تر گھریلو مانگ کی وجہ سے لگایا گیا ہے۔ نجی کھپت اور سرمایہ جاتی تشکیل توسیع میں مدد کررہی ہیں، جبکہ خدمات کا شعبہ رسدات کیلئے بڑا معاون بنا ہوا ہے۔
مینوفیکچرنگ کی سرگرمیوں میں مضبوطی آئی ہے اور زراعت نے استحکام فراہم کیا ہے۔×

**CEA Economic Survey**

اعلیٰ اقتصادی مشیر وی اننتھا ناگیشورن نے کہا ہے کہ افرادی قوت کے وقفے وقفے سے کئے جانے والے سروے PLFS کے آغاز سے اب تک ملک میں روزگار کی صورتحال بہتر ہوئی ہے۔ آج نئی دلّی میں اقتصادی جائزہ 2025-26 کے بارے میں میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے جناب ناگیشورن نے کہا کہ بے روزگاری کی شرح 2023-24 میں 6 فیصد تھی، جو اب کم ہو کر 3 اعشاریہ دو فیصد ہوگئی ہے۔ جناب ناگیشورن نے عالمی منظرنامے میں ملک کی اقتصادی کارکردگی کے لحاظ سے بھارت کو دنیا کا نخلستان قرار دیا۔ جناب ناگیشورن نے کہا کہ بھارت ایک بہت ہی اوسط افراطِ زر کے ماحول کے باوجود ترقی، کھپت اور سرمایہ کاری کی اعلیٰ شرح حاصل کررہا ہے۔

اعلیٰ اقتصادی مشیر نے کہا کہ میکرو اشارہ جات کے علاوہ، دیگر شمولیاتی ترقی کے پیمانوں کے اعتبار سے دیہی ترقی کے شعبے میں 81 فیصد دیہی گھروں میں نل کا پانی دستیاب ہے۔ دو اعشاریہ نو کروڑ مکانات تعمیر کئے گئے ہیں اور سوامترا اسکیم کے تحت دو اعشاریہ سات-چھ کروڑ پراپرٹی کارڈس جاری کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہاکہ جب حفظانِ صحت کی بات آتی ہے تو 14 اعشاریہ تین کروڑ مستفیدین کا یو-وِن پورٹل پر اندراج کیا گیا ہے۔ 42 اعشاریہ آٹھ کروڑ آیوشمان بھارت کارڈ جاری کئے گئے ہیں اور ایک لاکھ 80 ہزار آیوشمان آروگیہ مندروں میں علاج کی سہولت شروع کردی گئی ہے۔ جناب ناگیشورن نے کہا کہ ریاستوں کو مالیاتی نظم وضبط پر عمل کرنے کی ضرورت ہے، تاکہ Sovereign قرضہ جات کے اخراجات کو قابل برداشت حد میں رکھا جاسکے۔×

**PM - Economic Survey**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ میں آج پیش کیے گئے اقتصادی جائزے میں بھارت کے اصلاحاتی سفر، ریفارم ایکسپریس کی ایک جامع تصویر پیش کی گئی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ یہ اقتصادی جائزہ، عالمی سطح پر چیلنج سے بھرپور ماحول میں بھی بھارت کی مسلسل ترقی کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اِس جائزے میں مضبوط معاشی بنیادوں، مسلسل ترقی کی رفتار اور ملک کی تعمیر میں اختراع، کاروباری سرگرمیوں اور بنیادی ڈھانچے کے بڑھتے ہوئے رول کو اجاگر کیا گیا ہے۔

وزیرِ اعظم نے کہا کہ یہ اقتصادی جائزہ، جامع اور ہمہ گیر ترقی کی اہمیت پر بھی زور دیتا ہے، جس میں کسانوں، چھوٹے اور متوسط درجے کے کاروباری اداروں MSMEs، نوجوانوں کے روزگار اور سماجی فلاح و بہبود پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔×

**Shivraj - Survey**

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ اقتصادی جائزہ 2025-26، ملک کے جامع اور پائیدار ترقیاتی سفر کو واضح طور پر اجاگر کرتا ہے۔

جمعرات کو نئی دلّی میں اپنی رہائش گاہ پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے جناب چوہان نے کہا کہ یہ اقتصادی جائزہ، محض اعداد و شمار کا مجموعہ نہیں، بلکہ حکومت کی کوششوں اور اُس کے عزم کا آئینہ دار ہے۔ انہوں نے کہا کہ زراعت اور دیہی ترقیات کے شعبے، ملک کی ترقی کیلئے محرک ہیں۔

وزیر موصوف نے اجاگر کیا کہ گزشتہ 5 برسوں کے دوران، ملک میں زرعی شرحِ ترقی کی 4 اعشاریہ چار فیصد رہی ہے۔

**SB - Shivraj Singh Chauhan**

**CII Economic Survey WPL**

بھارتی صنعتوں کی کنفیڈریشن کے ڈائریکٹر جنرل جناب چندرجیت بنرجی نے بھارت یوروپی یونین آزاد تجارت معاہدے کا خیرمقدم کیا اور اسے بھارت کی ترقی کی داستان میں ایک سنگ میل قرار دیا۔ نئی دِلی میں آکاشوانی نیوز سے خصوصی بات چیت میں جناب بنرجی نے کہا کہ اس معاہدے کے تحت دستخط شدہ اہم سمجھوتے دنیا کی GDP کا 25 فیصد احاطہ کرتے ہیں۔ آج پارلیمنٹ میں پیش کئے گئے اقتصادی جائزہ 2025-26 کے بارے میں جناب بنرجی نے کہا کہ مالی سال 2027 کیلئے 6.8 سے 7.2 شرح ترقی کا تخمینہ انتہائی مضبوط ہے اور ملک کیلئے مستحکم مواقع کی عکاسی کرتا ہے۔×

**Rev Parl-PM**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک اب طویل مدتی زیر التوا مسائل پر عبور حاصل کرتے ہوئے آگے بڑھ رہا ہے اور طویل مدتی حل کی راہ پر ثابت قدم ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اُن کی حکومت کی پہچان ریفارم، پرفارم اور ٹرانسفارم کے طور پر ہے اور ملک اَب اصلاحات کے عمل کو تیزی سے آگے بڑھا رہا ہے۔ آج بجٹ اجلاس کے دوسرے دن نئی دلّی میں پارلیمنٹ ہاؤس کمپلیکس میں جناب مودی میڈیا سے بات کر رہے تھے۔جناب مودی نے ہر کسی تک فلاح وبہبود سے متعلق اسکیموں کی فراہمی پر زور دیا۔

**2100 PM On Prez Add 140 CR**

حال ہی میں طے پائے بھارت یوروپی یونین آزاد تجارت معاہدے FTA کے بارے میں وزیراعظم جناب نریندر مودی نے اعتماد کا اظہار کیا اور کہا کہ یہ معاہدہ پُراعتماد، مسابقتی اور درخشاں بھارت کی جانب ایک اہم قدم ہے۔

**PM FTA Atamnibhar Bharat**

**PM - AI Interaction**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے ایک ایسے مصنوعی ذہانت AI ایکو نظام کی ضرورت پر زور دیا ہے، جو شفاف، غیر جانبدار اور محفوظ ہو۔ انہوں نے کہا کہ AI کے اخلاقی استعمال پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں ہونا چاہیے۔ جناب مودی نے یہ بات نئی دلّی میں اپنی رہائش گاہ پر AI کے شعبے میں کام کرنے والے CEOs اور ماہرین سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔

وزیرِ اعظم نے تمام شعبوں میں نئی ٹیکنالوجی کو اپنانے اور اِسے قومی ترقی میں استعمال کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کلیدی شعبوں میں دیسی ٹیکنالوجی کے استعمال پر بھی زور دیا۔ آنے والے AI امپیکٹ سمٹ کے بارے میں بات کرتے ہوئے، جناب مودی نے کہا کہ تمام افراد اور کمپنیاں اِس سمٹ کو نئے مواقع تلاش کرنے اور ترقی کی راہ پر تیزی سے آگے بڑھنے کیلئے استعمال کریں۔

انہوں نے کہا کہ یونیفائڈ پیمنٹس انٹرفیس UPI کے ذریعے بھارت نے اپنی تکنیکی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا ہے اور اِسی طرح کی کامیابی، AI کے میدان میں بھی حاصل کی جاسکتی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ بھارت کے پاس پیمانے، تنوع اور جمہوریت کا ایک منفرد امتزاج ہے، جس کی وجہ سے دنیا، بھارت کے ڈیجیٹل بنیادی ڈھانچے پر اعتماد کرتی

ہے۔ ملک کی ٹیکنالوجی کے ذریعے اثر پیدا کرنے اور دنیا کو متاثر کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے وزیرِ اعظم نے CEOs اور ماہرین سے کہا کہ بھارت کو عالمی سطح پر AI کوششوں کیلئے ایک زرخیز اور پُرکشش مرکز بنایا جائے۔
فروری میں ہونے والے انڈیا AI امپیکٹ سمٹ کے تناظر میں یہ بات چیت اسٹریٹجک تعاون کو فروغ دینے، AI اختراعات کو پیش کرنے اور بھارت کے AI مشن کے اہداف کو تیز کرنے کیلئے منعقد کی گئی تھی۔
اعلیٰ سطح کے اِس گول میز میٹنگ میں Wipro، TCS، HCL-Tech اور دیگر AI کمپنیوں کے CEOs کے ساتھ ساتھ IIIT حیدرآباد، IIT مدراس اور IIT بامبے کے ماہرین نے شرکت کی۔
الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی محکمے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو اور وزیرِمملکت جتن پرساد بھی اِس میٹنگ میں موجود تھے۔×

**SC - UGC Talks**

سپریم کورٹ نے آج حکم دیا کہ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کے اعلیٰ تعلیمی اداروں میں مساوات کے فروغ سے متعلق ضوابط 2026 کو فی الحال معطل رکھا جائے۔ عدالت نے اِن ضوابط پر کُچھ تحفظات کا اظہار کیا، جنہیں جنرل زمرے کے خلاف امتیازی قرار دے کر چیلنج کیا گیا ہے۔
عدالت عالیہ نے تجویز دی کہ مذکورہ ضوابط کا ایک کمیٹی کے ذریعے دوبارہ جائزہ لیا جانا چاہیے، جس میں ممتاز قانونی ماہرین شامل ہوں۔ سپریم کورٹ نے کہا کہ یہ ضوابط ظاہری طور پر مبہم ہیں اور اُن کے غلط استعمال کا امکان ہے۔
چیف جسٹس سوریہ کانت اور جسٹس جوئے مالیا باگچی پر مشتمل بینچ، 3 عرضداشتوں کی سماعت کر رہا تھا، جن میں 2026 کے ضوابط کی آئینی حیثیت کو چیلنج کیا گیا ہے۔
عدالت عالیہ نے مرکزی حکومت اور UGC کو نوٹس جاری کیا اور اگلی سماعت کی تاریخ 19 مارچ مقرر کی۔ تب تک 2026 کے ضوابط معطل رہیں گے اور 2012 کے UGC ضوابط عارضی طور پر نافذ رہیں گے۔×

**Beating Retreat 2026**

77 ویں یومِ جمہوریہ تقریب کے اختتام پر Beating Retreat تقریب آج نئی دلی کے وِجے چوک پر منعقد ہوئی۔ اس تقریب میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی پی رادھاکرشنن، وزیرِ اعظم نریندر مودی، وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ اور دیگر مرکزی وزراء موجود تھے۔ پیش ہے ایک رپورٹ......

**V/C Pallavi**

مسلح افواج کی بینڈس نے وندے ماترم، اے وطن اور سارے جہاں سے اچھا جیسے حب الوطنی کے گانوں کی خوبصورت دھنیں بجاکر سامعین کو مسحور کر دیا۔ اس موقع پر آپریشن سندور سے متعلق بھارتی فضائی فوج کی بینڈ نے آپریشن کے دوران مسلح افواج کی قربانی اور دِلیری کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ایک خصوصی جھلک پیش کی۔ اس تقریب میں بھارتی فوج، بحریہ، فضائی فوج اور مرکزی مسلح پولیس فورسز کے بینڈس نے اپنے بہترین پرفارمنس پیش کیے۔
اس تقریب کا آغاز قدم قدم بڑھائے جا کے خوبصورت دھن سے ہوا اس کے بعد Pipes اور Drums کی دلکش اور مسحور کن دھنیں پیش کی گئیں۔ مرکزی مسلح پولیس فورسز کے بینڈس نے وجے بھارت اور ویر سپاہی جیسی دھنیں پیش کیے۔ بھارتی فضائی فوج نے بہادر جنگجوں، ٹویلائٹ اور فلائنگ اسٹار جیسی دھنیں پیش کی، جبکہ بھارتی بحریہ کے بینڈ نے نمستے، ساگر پون اور جے بھارتی جیسے دھن پیش کیے۔

بھارتی فوج کے بینڈ نے وِجئی بھارت، آرمبھ ہے پرچنڈ، سوگامیہ بھارت اور ستارہ ہند جیسے نغمات کی دھنیں پیش کیے۔ تقریب کے اختتام پر بگلرس کے ذریعے سارے جہاں سے اچھا کا مقبول ترین دھن پیش کیا گیا۔×
پلّوی کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں......................

**Pragati Special Story**

سرگرم حکمرانی اور بروقت نفاذ کیلئے وزیر اعظم کے اہم پلیٹ فارم PRAGATI نے اپنی 50 ویں میٹنگ کے کامیاب انعقاد کے ساتھ ایک اہم سنگِ میل طے کیا ہے۔ 2015 میں وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے اِسے شروع کیے جانے کے بعد سے PRAGATI نے بروقت باریک نظر رکھ کر، اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں پر عمل درآمد کرکے اور وزیر اعظم کی طرف سے براہِ راست جائزے کے تحت عوامی شکایات کو دور کرنے کا اہل بناکر حکمرانی کو یکسر تبدیل کیا ہے۔ یہ پلیٹ فارم امدادِ باہمی پر مبنی وفاقیت کی نظیر پیش کرتا ہے اور ایک سنگل ڈیجیٹل انٹرفیس پر مرکز، ریاستوں اور مرکزی وزارتوں کو یکجا کرتا ہے۔
پچھلی ایک دہائی میں PRAGATI نے تیز فیصلے کرنے اور مسائل کو حل کرنے میں مدد دی ہے، جو اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں میں تاخیر کا سبب بنتے ہیں اور جوابدہی کے ایک مضبوط کلچر کو فروغ دیا ہے۔ آج اِس خصوصی سیریز میں ہم قومی شاہراہوں سے متعلق بھارتی اتھارٹی NHAI کے تحت پروجیکٹوں پر ایک نظر ڈالتے ہیں۔ پیش ہے ایک رپورٹ ..................

**V/C - Suparna Saikia**

قومی شاہراہ کی بھارتی اتھارٹی NHAI سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کی وزارت کے ماتحت ایک قانونی ادارہ ہے، جو ملک بھر میں پھیلے قومی شاہراہوں کے نیٹ ورک کی ترقی، مرمت اور بندوبست کا کام انجام دیتا ہے۔ یہ اتھارٹی، مرکزی وزارتوں، ریاستی حکومتوں اور دیگر شراکت داروں کے تعاون سے قومی شاہراہوں کے پروجیکٹوں کی منصوبہ بندی، نفاذ اور آپریشن کا کام انجام دیتی ہے۔ اِس وقت PRAGATI پر مبنی ایکو نظام کے تحت 12 لاکھ 46 ہزار 751 کروڑ روپے کے کُل سرمایہ کاری کے ساتھ NHAI کے 964 پروجیکٹ کی پروجیکٹ مانیٹرنگ گروپ پورٹل پر نگرانی کی جارہی ہے۔ اِن پروجیکٹوں کے علاوہ 273 پروجیکٹوں کی، جس کی کُل سرمایہ کاری 3 لاکھ 99 ہزار 431 کروڑ روپے ہے، کی پرگتی کے تحت وزیراعظم نریندر مودی نے جائزہ لیا ہے۔
اِس میں پہلے ہی کمیشن کئے گئے 131 پروجیکٹس اور 142 پروجیکٹس نفاذ کے مرحلے میں ہیں، شامل ہیں۔
سپرنا سائیکیا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں..................

**India - Energy**

ایسے میں جبکہ دنیا ایک پائیدار مستقبل کی طرف دیکھ رہی ہے، بھارت نے گوا میں منعقد ہونے والے اِنڈیا انرجی ویک کے چوتھے ایڈیشن کے دوران، خود کو ایک عالمی توانائی طاقت کے طور پر مضبوطی سے پیش کیا ہے۔ تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ..................

**VC - Mahesh Chopdade**

مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے اعلان کیا ہے کہ آنے والی دہائیوں میں عالمی سطح پر توانائی کی مانگ میں اضافے کا ایک تہائی سے زیادہ حصہ بھارت پورا کرے گا۔ 500 ارب ڈالر کے بڑے اقتصادی مواقع کے ساتھ، اِس پروگرام

میں کلیدی اہمیت کے حامل اہم معاہدے دیکھنے کو ملے، جن میں برازیل کے ساتھ خام تیل کا بڑا معاہدہ اور متحدہ عرب امارات سے قدرتی گیس کی درآمدات میں توسیع شامل ہے۔
روایتی ایندھن کے علاوہ، اختراع پر بھی خاص توجہ دی جارہی ہے۔ سمندری پودوں سے تیار کردہ بائیو **Crude**، بانس سے ایتھنول اور جدید ہائیڈروجن ڈرونز تک، بھارت توانائی کی یقینی فراہمی اور کاربن کے اخراج کو تیزی سے کم کرنے کے دوہرے راستے پر دنیا کی قیادت کررہا ہے۔
عالمی **CEOs** کے ساتھ وزیرِ اعظم مودی کی گول میز کانفرنس نے بھارت کی حیثیت کو ایک صاف اور ماحولیات کے سازگار مستقبل کیلئے ایک قابلِ اعتماد شراکت دار کے طور پر مزید مضبوط کیا ہے۔
مہیش **Chopdade** کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں .................

**Chattisgarh Encounter**

چھتیس گڑھ کے بیجا پور ضلع میں آج سیکیورٹی فورسز کے ساتھ ایک تصادم میں دو ماؤنواز ہلاک ہو گیے۔ تصادم کی جگہ سے ماؤنوازوں کی لاشوں کے علاوہ ایک **AK -47** رائفل، ایک **9 mm** پسٹل، دیگر ہتھیار اور گولی بارود برآمد ہوئے ہیں۔ ضلع سپرنٹنڈنٹ آف پولیس ڈاکٹر جتیندر یادو نے کہا کہ ڈسٹرکٹ ریزرو گارڈ ڈی جی آر کی ٹیم نے بیجا پور کے جنوبی خطے میں ماؤنوازوں کی موجودگی کے بارے میں معلومات ملنے کے بعد تلاش کی کارروائی شروع کی تھی۔ کارروائی کے دوران ماؤنوازوں نے سیکورٹی اہلکاروں پر فائرنگ شروع کر دی،اس کے بعد سیکورٹی فورسز نے جوابی کارروائی کرتے ہوئے دو ماؤنوازوں کو ہلاک کر دیا۔×

**UP - Cashless**

اترپردیش حکومت نے ثانوی اور بنیادی تعلیم کے محکمے کے تحت کام کرنے والے اساتذہ، غیر تدریسی عملے اور ان کے زیر کفالت افراد کیلئے نقدی سے مبرا علاج کی منظوری دی ہے۔ یہ فیصلہ آج وزیرِ اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کی صدارت میں منعقدہ کابینہ میٹنگ میں لیا گیا۔×

**WPL Cricket**

خواتین پریمیئر لیگ کرکٹ میں وددورا انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں **UP** واریئرز نے رائل چیلنجرس بینگلور کے سامنے جیت کیلئے **144** رن کا نشانہ رکھا ہے۔
اِس سے قبل، رائل چیلنجرس بینگلور نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ **UP** واریئرز نے مقررہ **20** اوورز میں **8** وکٹ پر **143** رن بنائے۔ دیپتی شرما نے سب سے زیادہ **55** رن بنائے۔

☆☆☆☆☆